Fikr-o-Nasar (Islamabad) 19:12 (1982)
© rasailojaraid.com

# وقائع علمیہ

صاحبزادہ ساجد الرحمٰن

## تراجم مصادر قانون اسلامی

اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے وہ زندگی کے ہر شعبے میں رہنما اصول مہیا کرتا ہے، اس ضابطۂ حیات کے بنیادی مآخذ قرآن و حدیث ہیں، اس کے بعد وہ فقہاء اور ائمہ لائق صد احترام ہیں جنہوں نے قرآن و حدیث کی روشنی میں انسانی مسائل کا حل تلاش کیا اور پھر اُسے احاطۂ تحریر میں لائے، المبسوط، بدائع الصنائع، ہدایہ، کتاب الام اور المغنی جیسی قانون کی کتابیں ان جلیل القدر علماء کے علم و فضل کا زندہ و تابندہ ثبوت ہیں۔

خوش قسمتی سے ہمارے ملک میں نظام اسلام کے نفاذ کا عمل تیز ہو چکا ہے، مگر طویل دورِ غلامی نے جہاں اور بہت سی اقدار و روایات سے ہمیں محروم کیا وہاں ہمیں اس زبان (عربی) سے بھی جو ہمارے دین کی زبان ہے، اس قدر دور کر دیا کہ معدودے چند لوگوں کے سوا قانون اسلامی کے اساسی مآخذ سے استفادہ بے حد مشکل ہو گیا ہے۔ نفاذ اسلام کے عمل میں اسلامی علوم کی زبان (عربی) سے ناواقفیت بہت بڑی رکاوٹ ثابت ہو رہی ہے، وکلاء کی اکثریت عربی زبان سے پوری طرح واقف نہ ہونے کے سبب مشکلات سے دوچار ہے۔ وکلاء کے علاوہ قانون کے پیشہ سے وابستہ کم و بیش تمام حضرات کا یہی حال ہے اس صورتِ حال سے عہدہ برآ ہونے کے لئے دو صورتیں ممکن تھیں، اوّل یہ کہ قانون سے متعلق حضرات کو عربی زبان سکھائی جائے

© rasailojaraid.com